تبصرے

خطبات آزاد مرتبہ جناب مالک رام صاحب، کتابت طباعت بہتر، ضخامت ۴۳۶ صفحات، تقطیع متوسط، قیمت مجلد -/18 پتہ: ساہتیہ اکادمی، نئی دہلی

مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم انشا اور خطابت دونوں کے بادشاہ تھے، خطابت کے لئے فنی طور پر جو ظاہری حسن و جمال اور صوری رعنائی و دلکشی درکار ہے قدرت نے انھیں اس تک سے بحصۂ وافر نوازا تھا، ان کی خطابت جادو جگاتی اور طوفان اٹھاتی تھی، وہ کبھی رعد و برق کی گرج تھی اور کبھی نسیم سحر کی موج حیات آفریں، وہ صور اسرافیل بھی تھی اور زعفران زار کشمیر بھی، ساہتیہ اکاڈمی نے مولانا کے تمام سرمایۂ تحریر و تقریر کو نہایت اہتمام اور کمال حسن سلیقہ سے اشاعت پذیر کرنے کا جو پروگرام بنایا ہے اور جس پر بڑی سرگرمی اور پابندی سے وہ عامل ہے اب اس نے مولانا کے خطبات شائع کرنے شروع کئے ہیں، یہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی جلد ہے جو پندرہ خطبات پر مشتمل ہے، اور ان میں تقریباً وہ سب خطبات جنھوں نے ایک زمانہ میں پورے ملک میں مولانا کی خطابت کی دھوم مچا دی تھی، مثلاً مجلس خلافت آگرہ، جمعیت علمائے ہند لاہور، انڈین نیشنل کانگریس، دلّی ورام گڈھ، عربی نصاب کمیٹی لکھنؤ، تقسیم کے فوراً بعد جامع مسجد دہلی میں تقریر، یہ سب خطبات آگئے ہیں۔ حسن ترتیب کے لئے فاضل مرتب کا نام سب سے بڑی ضمانت ہے، چنانچہ اعلیٰ کتابت و طباعت اور کاغذ اور صحت کے اہتمام کے ساتھ کتاب کے آخر میں آیات قرآنی، احادیث، اعلام، بلاد و اماکن، کتب و رسائل کی الگ الگ